ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (189)

مورخہ 24.04.25

**بہاولپور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے بطور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاول پور کا چارج سنبھال لیا۔ پولیس لائینز میں ڈی پی او کا استقبال کیا گیا۔ ڈی پی او نے یاد گار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی، شہدا کے درجات کی بلندی کے لئے فاتحہ خوانی کی اور پولیس کے چاک وچوبند دستے نے سلامی دی۔ بعدازاں ڈی پی او آفس میں بذریعہ ویڈیولنک پولیس افسران کے ساتھ میٹنگ کی، متعدد ہدایات جاری کیں۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے حکم پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے بطور ڈی پی او بہاولپور کا چارج سنبھال لیا۔ پولیس لائینز بہاولپور دیاد گار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی، فاتحہ خوانی کی اور پولیس کے چاک وچوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ بعدازاں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے ڈی پی او آفس میں بذریعہ ویڈیو لنک ضلع کے تمام ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور ڈی پی او آفس سٹاف کے ساتھ کانفرنس ہال میں تعارفی میٹنگ کی۔ میٹنگ میں ڈی پی او کو ضلع کے محل ووقوع اور جرائم کی صورتحال پر بریف کیا گیا۔ تمام ایس ڈی پی اوز نے اپنے اپنے سرکل اور ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ کے خدوخال اور جرائم کی صورتحال پر ڈی پی او کو بریفنگ دی۔ اس حوالے بات کرتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور نے کہا کہ میری پالیسی صرف اور صرف میرٹ ہے، شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنا میری اولین ترجیح ہے۔ میرے دفتر کے دروازے ہر خاص وعام کیلئے ہمیشہ کھلے ہیں۔ پولیس کی طرف سے کسی بھی شہری کی ساتھ زیادتی یا بدعنوانی کی شکایت پر سخت احتساب عمل میں لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملزمان پر زیر حراست تشدد کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ روزانہ کی پراگرس چیک کی جائے گی۔ اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کا تحرک تیز کیا جائے اور پرانے ملزمان کو اشتہاری قرار دلوایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خواتین اور بچوں پر تشدد اور جنسی زیادتی کے کیسز کو گھنٹوں میں حل کیا جائے اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ قتل، اقدام قتل، ڈکیتی، رابری اور سنگین مقدمات کی تفتیش میرٹ اور متعینہ وقت کے اندر کی جائے۔ زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کیا جائے، اور چالان دی گئی ڈیڈ لائین میں عدالت جمع کروائے جائیں۔ ہاٹ سپاٹ والے ایریاز کی خصوصی نگرانی کریں اور گشت کے نظام کو موثر بنائیں، بینکوں اور مالیاتی اداروں کی سکیورٹی سخت اور بمطابق ایس او پی ہونی چاہیے۔۔ میٹنگ کے آخر میں ڈی پی او نے تمام ایس ایچ اوز کو موٹر سائیکل اور گاڑیوں کی چوری کی روک تھام کیلئے موثر حکمت عملی کو یقینی بنانے، درج شدہ مقدمات کو ٹریس کرنے، مسروقہ پراپرٹی کو برآمد کرنے اور ملزمان کی گرفتاریوں کے متعلقہ افسران کو ٹاسک سونپے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے پولیس لائنز پہنچنے پر یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھا، شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کی اور بعدازاں پولیس کے چاک وچوبند دستے نے سلامی پیش کی




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال پولیس اپنے آفس میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور دفتری سٹاف سے میٹنگ کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (190)

مورخہ 24.04.25

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 05ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ اوچشریف پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب 01 ملزم کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 20 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ اسی طرح تھانہ سمہ سٹہ اور تھانہ سٹی یزمان پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 03ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 03 کلو490 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے کے مرتکب 01ملزم کو تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 01عدد پسٹل 30بور برآمد کرلیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروئیاں جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد